مختلف عملیات اسمائے باری تعالیٰ

یا ھو

اسم ذات باری تعالیٰ ہے صاحبِ تنویر الاسماء تحریر فرماتے ہیں کہ اہل تحقیق نے اسم اعظم کہا ہے اور یہ خاص ترین اسم ہے۔

اسمائے باری تعالیٰ اور اسمائے حسنیٰ میں سب سے پہلے واقع ہوا ہے اگر کوئی شخص ۲۹ مرتبہ ھو کہے تو آتشِ دوزخ اس پر حرام ہو۔ جس کا آخرت کے انجام سے لرزاں و ترساں ہو اللہ ھو کا ذکر کرے حشر میں مطمئن ہوگا۔

تنویر الاسماء میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اگر کوئی شخص روز پنجشنبہ کو روزہ رکھے اور چینی کے پیالے پر لا الہ اللہ ھو لکھ آبِ باراں یا آبِ چشمہ سے دھو کر روزہ افطار کرے مرض نسیان ختم ہو جائے جو یاد کرے کبھی نہ بھولے مسحور کو پلائے سحر دفع ہو اگر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو ہر بلا سے محفوظ رہے۔ دشمنوں پر مظفر و منصور ہو ہر اچھے بُرے کی نظر میں مقبول القول ہو ہر دلعزیز ہو۔ تنویر میں ہے کہ ایک مجلس میں بارہ ہزار مرتبہ یا اللہ یا ھُو کہ جن و انس و حوش و طیور و جملہ مخلوقات مسخر و مطیع ہو، پرند و چرند، درند، انس کرنے لگیں خواص اشیاء و علوم مخفیات منکشف ہو

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا اللہ

یہ نام اسمِ ذات اور تمام صفاتِ الٰہیہ کا جامع ہے۔ تنویر میں ہے اگر کوئی شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ یا اللہ پڑھے تو مستجاب الدعوات ہو جائے۔ صاحب دلائل تحریر فرماتے ہیں کہ جو کوئی بعد ہر نماز سو بار پڑھتا

Scanned by CamScanner

رہے صاحبِ باطن اور کشف ہو جو کوئی تین ہزار ایک سو پچیس بار (۳۱۲۵) اسم کو لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے خدا چاہے تو انیس روز میں مراد حاصل ہو۔ اگر چہ تختِ شاہی کی تمنّا ہو

ایک خاص عمل وسعت رزق کا ہے کیونکہ وہ عمل صرف تین یوم کا ہے۔ اس لیے اکثر نظرِ انتخاب اسی پر ٹھرتی ہے چاہیے کہ اس عمل کو مئوکل کی حاضری کی نیت سے نہ پڑھے کہ اس زمانہ میں عمل با مئوکل کرنا بہت دشوار ہے۔ اس لیے بہتر طریقہ یہ ہے کہ عمل تین یوم اسی ترکیب سے بغیر ترک جلالی و جمالی کے پڑھے صرف جھوٹ

و دیگر ممنوعات شرع سے بچتا رہے بعد تین یوم ۴۰۰ مرتبہ روزانہ ورد میں رکھے۔ انشاء اللہ روزانہ جس چیز کی خواہش ہو ضرورت ہو غیب سے پہنچتی رہے اس اسم کے مئوکل غائبانہ اس کی اطاعت کرتے رہیں گے۔ مجرّب و آزمودہ ہے نقش اسم اللہ کا سونے کی پتر پر کندہ کرا کے انگشتری میں پہنے معزز

یا رحمٰن

جو لوگ امور دینی و دنیوی کاہلی و غفلت کی وجہ سے اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں۔ انہیں چاہیے کہ بعد ظہر نماز سو مرتبہ مداومت کریں۔ تنویر میں ہے کہ اس کے دل کو ظلمت و غفلت و سستی سے پاک کرے۔ جو بچّے پڑھنے سے بھاگتے ہوں اور دل نہ لگتا ہو ان کو بیچ وقتہ پانی پر دم کر کے پلائیں۔ صاحبِ دلائل فرماتے ہیں ۲۹۸ بار بعد نماز فجر پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس پر رحمت فرمائے دل کو روشن فرمائے مرگی والے کے کان میں ۴۰ مرتبہ ایک سانس میں پڑھ کر دم کرے۔ فوراً ہوش میں آئے۔ کشف اگر ۴۰ روز دو ہزار پانچ سو مرتبہ باشرائط تلاوت کرے تمام اسرار مشاہدہ کرے۔ (تنویر)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

رحیم

Scanned by CamScanner

امام علی رضا رحمتہ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ اس اسم کو ۲۵۸ مرتبہ روزانہ تلاوت کرے تو اس کا انجام بخیر ہو۔ مرتے وقت با ایمان جائے۔ سکرات وقبر و پلصراط کی منزلیں آسان ہوں۔ برائے قضائے حاجات اسم یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم کا عمل مرقوم ہے۔ بہت زود اثر اور مجرّب ہے۔ ہر روز ۵۰۰ سو مرتبہ پڑھے تو دولت مند ہو۔ خلق اللہ مہربان ہو۔

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یَا مَالِکُ یَا مَلِیْکُ یَا مَلِکُ

یہ اسماء ہم معنی اور ہم صفات ہیں۔ ان تینوں اسماء میں سے جو بھی ۱۹۱ اسم اعداد ۱۰۰ کے لحاظ ۹۰ سے آپ کے نام مطابق ہوں ان اسی تعداد یعنی قائدہ اوّل کے مطابق پڑھیں۔ امام علی رضا رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ اسم بہت سریع الاجابت ہیں۔ مگر (ان میں سے کسی) اسم کو آٹھ ہزار ایک سو مرتبہ پڑھ کر جو دعا مانگے قبول ہو (تنویر الاسماء) تنگدستی بیروزگاری کے لیے یَا مالک ۹۰ بار یا ملیک ۱۰۰ بار یا مالک ۹۱ بار روزانہ پڑھے تو خلق سے بے نیاز ہو اور دولت دنیا اس کی جانب رجوع کرے (تنویر) اگر اس اسم کو اسم قدوس سے ملا کر پڑھے یعنی (الملک القدوس ۲۶۰ بار) صاحب ملک یعنی صاحب عزّت واقبال ہو یا کاروبار یا ملازمت یا جس عہدے پر فائز ہو تو مولیٰ تعالیٰ اس اس کے ملک یعنی نسب کو قائم ودائم رکھے اور عزّت وحرمت ملے اگر ۹۰ بار ہی پڑھے تو دل معوّر رہو۔ (دلائل الخیرات شریف) عمل شجر رز میں اسم کے پڑھنے کا طریقہ مرقوم ہے اس نقش کو سونے کی تختی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھے اور اس کے گرد آیۃ (قل اللھم مالک الملک تا بغیر حساب) لکھے تو لوگوں میں ہیبت والا ہو یہ نقش افلاطون نے سکندر ذوالقرنین کے لیے تیار کیا تھا۔ جس کے اثر سے شیر کانپتے تھے۔ (تنویر) ادارہ روحانی امداد سے مذکورہ نقش بنوا سکتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

یا قدوس

اگر اس اسم کو وقت زوال ۷۰ امرتبہ پڑھتا رہے اس کا دل معصیت سے صاف ہو کر روشن ہو جائے اور جو کوئی اسم سبّوح کے ساتھ بعد نماز جمعہ روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھائے ملکوتی صفات پیدا ہو جائیں۔ جب دشمن کے خوف سے بھاگنے کے سوا چارہ نہ ہو تو بکثرت پڑھے اس کے دل اور دشمنوں کے درمیان حصار قائم ہو جائے یا ان کی نظروں سے پوشیدہ ہو جائے۔ (ظفر جلیل) سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلَائِکَتِہ وَالرُّوْحِ اگر کوئی تعداد حروف کے ۲۲ ہے اتنے سو مرتبہ یعنی ۲۲۰۰ سو مرتبہ روزانہ پڑھے تو کبھی کسی کے سامنے دست سوال دراز کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے اور اتنے ہزار مرتبہ یعنی ۲۲۰۰ ہزار مرتبہ چالیس یوم باحتیاط ممنوعات شرع پڑھ لے۔ بعد ۷۰ ابار پڑھتا رہے تو خود کیمیا بن جائے۔ (منقول از تنویر)

www.sufiimrahrazvee.blogspot.com

یا سلام یا سلم

یہ اسم بغیر الف کے بھی لکھا جاتا ہے اور الف کے ساتھ بھی صرف اعداد میں فرق ہے جس کی وجہ سے دو جگہ لکھا گیا ہے اس اسم پاک کا پڑھنے والا افعال رذیلہ اور کردار قبیحہ سے محفوظ ہو جاتا ہے (ظفر جلیل)

بعد نماز فجر ایک ہزار بار پڑھنے سے علم اور جووت

(یعنی ذہن میں تیزی اور قوّتِ حافظہ) زیادہ ہو۔ اس اسم کا ذیار بوجہ علم و سخا مشہور ہو جاتا ہے اور شہر بہ شہر عوام و خواص اس کی مدح

وثنا کرنے لگیں۔ (تنویر)

یا سلامُ یا اللہ

Scanned by CamScanner

شفائے امراض کے لیے یہ عمل مجرّب ہے۔ مرض شدید میں مریض کے سرہانے بیٹھ کر اس طرح پڑھے کہ تسبیح مریض کے سر سے مس ہوتی رہے۔ جب تسبیح ختم ہو اس تسبیح کو مریض کے تکیہ کے نیچے رکھ دے دوسرے دن وقت مقررہ یا کچھ قبل پھر تسبیح نکال کر اسی طرح پڑھے اور تسبیح سرہانے رکھ دے اسی طرح تین دن یا تین شب یہ عمل کرے اور تسبیح مریض کے سرہانے تا شفا ہی رکھی رہنے دے انشاءاللہ پہلے دن سے افاقہ ہو اور جلد شفا حاصل ہو۔ (تنویر) برائے قضائے حاجت: گوشہ خلوت یا گوشہ مسجد میں نصف شب میں دو رکعت نماز ادا کرے اور حضوری قلب کے ساتھ سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ کھڑے ہو کر پڑھے جو حاجت ہو وہ پوری ہو اور اگر چالیس دن اسی طرح پڑھے تو علم ظاہر و باطن حاصل ہو اور کل مخلوق مسخر ہو۔ (تنویر)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

مومن

اما ہشتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جو کوئی روزانہ ایک سو چھتیس بار پڑھے تو قلب میں ایمان کی لہریں موجزن ہو جائیں۔

شیخ مغربی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا اگر ایک ہزار ایک سو بتیس ۱۱۳۲ مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو لوگوں کو بد گوئی اور امراض خبیثہ سے محفوظ رکھے

شیخ عبدالمجید مغربی علیہا الرحمتہ فرماتے ہیں کہ جو شہوتِ نفس اور غضب سے خالی ہو کر خلوت میں باستقلال بہ زبان و قلب ذکر میں محو ہو کر نفس کا بھی وجود نہ رہے عمل پڑھے بعد ۴۱ یوم گزرنے کے دیوار پر ایک خاص نور ظاہر ہو گا جس کا اظہار زبان سے ناممکن ہے ذاکر کا قلب انوار معرفت سے منوّر ہو جائے گا اور ذاکر خود اپنے کو بحر انوار میں جلوہ گر دیکھے گا۔ اس کے بعد اس ذاکر میں صفت پیدا ہو جائے گی کہ جو اسے دیکھ لے با ایمان ہو جائے اور گنہگار تائب ہو جائے گا۔ (تنویر)

Scanned by CamScanner

یا مھیمن

اس اسم مبارک میں ہیبت وعظمت کی بہت بڑی خاصیت ہے اور دشمنوں کے قلب کو مرعوب اور عب وو جاہت سے مسخر کرنے کی خاص تاثیر ہے۔ اس اسم کے ذاکر پر سخت دل موم ہو جاتے ہیں۔ کار ہائے مشکل آسان ہو جاتے ہیں۔ نا قابلِ برداشت بوجھا اٹھانے کی قوّت پیدا ہو جاتی ہے۔ (تنویر) نہ مخلوق کو اس سے برائی پہنچے نہ کوئی اسے برائی ونقصان پہنچا سکے (ظفر جلیل) شیخ مغربی علیہ الرحمتہ فرماتے ہیں کہ جو شخص ۴۰ یا ۷۰ روز بوقت صبح بعد غسل (کہ غسل کرتے وقت اور بعد غسل ختم عمل تک کسی سے بات نہ کرے) اچھا لباس پہن کر ۱۸۴۹۶ مرتبہ اس اسم کو پڑھے ایسی تسخیر پیدا ہو کہ خود متحیر ہو جائے۔ (تنویر)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا عزیزُ یا معزّ

یہ دونوں اسماء ہم معنیٰ اور ہم صفات ہیں۔ شیخ بونی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ اسم اذکار متوکلّین سے ہے اس لیے اس اسم ساتھ اور کسی اسم کو نہ ملائے (تنویر) اور امام اہلسنّت اعلحضرت قدس سرہ نے پنج گنج قادریہ میں بعد نماز فجر یا عزیزُ یا اللہ سو بار تحریر فرمایا ہے جو خاندانِ قادریہ کا معمول رہا ہے اور مجرّبات سے ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ کسی دوسرے اسم کے ساتھ پڑھنے میں اس کے فوائد کبریٰ میں کمی نہ ہوگی ۔ بلکہ مثل دوسرے اسماء کے زود اثر وقوی تر ہو جائے گا۔ (اقبال احمد)

اگر اس کے نقش چاندی پر کندہ کرا کے انگشتری میں رکھ کر پہنے دشمن پر غلبہ وتفوّق حاصل ہو پیش حکام سلاتین معزز ہو۔ اشرار وخرافات عالم سے مامون رہے اسرار عزّت سے آراستہ ہو (تنویر) اگر اسم پاک کو اس طرح پڑھیں یَا عَزِیْزُ عَزِّزْنِیْ تَعَزَّزْ تُ بِعِزَّتِکَ یَا مُعِزُّ

Scanned by CamScanner

نماز فجر کی سنّت اور فرض کے درمیان ۲۱۱ بار پڑھیں تو عوام وخواص حکام ورعایا بلکہ ہر شئے مسخر ہو اور اپنے گروہجوم دیکھے مگر شرط یہ ہے کہ ہر مومن کے ساتھ اخلاق حسنہ سے پیش آئے۔ جو کوئی شخص عمل یا عزیز کا اپنے نام کے اعداد کے مطابق یا کسی اور طریقے پر پڑھے تو اس کے آخر میں لَقَدْ جَآءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِنْ اَنْفُسِكُمْ تَا وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْم

ایک بار اوّل آخر درود مندرجہ ذیل دس بار پڑھے۔ (فوائد کبریٰ) صلی الله علیک یا رسول الله وسلم علیک یا حبیب الله.

فضائل آخر میں درج ہیں۔

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا جبّار یا قہّار

یہ دونوں اسم جلالی اور مقہوری اعداء کے لیے بہت زود اثر ہیں۔ ان کے عاملین کو چاہئے کہ اگر کسی اسم اعظم میں یہ

اسماء یا ان میں کا ایک آئے تو وہ بادشاہ و حاکم یا ان کے مثل رعب وہیبت، عزّت وعظمت پائے۔ مگر کسی اور طریقے پر دشمنوں کے لیے پڑھے تو یہ خیال رکھے کہ دشمن مومنین میں سے ہوں تو ذلیل وخوار اور ان کی ہلاکی کی نیّت سے نہ پڑھے بلکہ اس کے لیے کہ دشمن اس کو نقصان نہ پہنچا سکیں اتنا ہی کافی ہے باقی مرضی مولیٰ پر چھوڑ دیں کیونکہ کسی مومن کو ذلیل وخوار برباد یا ہلاک کرنا جائز نہیں اگرچہ اس کا ظلم برداشت سے بالاتر ہو۔ اپنا مقصد تو اسی سے حاصل کہ دشمن کی دشمنی کا اثر نہ ہو وبا اللہ التوفیق۔ شیخ بونی رحمتہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اس اسم کی دعوت ۴۰ روز کی ہے۔ دس ہزار مرتبہ روزانہ بہ پابندی شرائط خلوت میں پڑھے نفس میں پاکیزگی طبیعت میں انکساری اور نیک نیتی پیدا ہو۔ مقاصد میں کامیابی اور دشمنوں پر غلبہ حاصل ہو عظیم القدر اور جلیل المرتبت گردانا جائے۔ (تنویر) شیخ ابو العباس احمد فرماتے

Scanned by CamScanner

ہیں کہ مریدوں اور اہل ریاضت کے لیے مناسب ہے کہ نفس مغلوب اور شہوت سے محفوظ رہے (تنویر) اعلحضرت قدس سرہٗ نے اس اسم یا جبار یا اللہ پنج گنج قادریہ میں بعد نماز عصر ۱۰۰ سو بار تحریر فرمایا ہے۔

یا کبیر یا اکبر یا متکبّر

امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اکثر مباشرت سے پہلے اس اسم کو مرتبہ پڑھ لے تو پروردگار عالم فرزند صالح عطا فرمائے (تنویر) شیخ عبدالمجید مغربی نے فرمایا ہے کہ یہ ذکر صالحین اور عابدین کے اذکار سے ہے۔ اس اسم کے ذاکر میں شائستگی اور امور میں باقاعدگی پیدا ہو جاتی ہے اور نظر عوام و خواص میں عزّت و حرمت پیدا ہوتی ہے اور ہر سرکش ذلیل و سرنگوں ہو جاتا ہے ۶۳۶ مرتبہ یا متکبّر بعد نماز صبح تلاوت کرنی چاہیے۔ اگر کوئی شخص دو سو بتیس مرتبہ روزانہ اس اسم یا کبیر کو پڑھے بزرگی حاصل ہو۔ شیخ ابو العباس ابن علی علیہ الرحمتہ فرماتے ہیں۔ اسم یا کبیر کا ذکر اذکار جلیلہ سے ہے اور جو خواص اسم متکبّر کے ہیں وہی اس اسم مبارک کے ہیں ان اسماء کے ذکر سے ہر سرکش اور بادشاہ مطیع ہو جاتا ہے۔ (تنویر) دعائے حیدری میں اسمائے باری تعالیٰ مذکور ہیں ان میں اکبر اور متکبّر بھی ہے دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے دعائے حیدری قوی تر اور مجرّب ہے اکبر اسم اللہ کے ساتھ ملا کر پڑھے یعنی اللہ اکبر۔

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا خالقُ یا بارئُ یا مصوّرُ

امام علی رضا رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو شخص دستکاری یا کار نازک اور مشق کتابت یا صاحبِ قلم ہو (یعنی لکھنے کا کام زیادہ کرتا ہو اور اس میں کسی وجہ سے خلل پڑتا ہو وہ ان اسماء کی تلاوت کرے سب تکلیف دور ہو کر سہولت حاصل ہو یا سلاطین (حکام بالا) سے تعلّقات ہوں اور درمیان میں فساد پیدا کرتا ہو یعنی کوئی ان تعلقات میں مخل ہو یا حکام کو برگشتہ کر دیتا ہو یا ایسا اندیشہ ہو تو اسم یا خالق کی تلاوت کی برکت سے تمام

Scanned by CamScanner

درمیانی نقصانات دور ہوں اور جملہ حالات بہتر ہو جائیں۔(تنویر) شیخ مغرب علیہ الرحمتہ نے تحریر فرمایا ہے کہ جو شخص اولاد یا فرزند سے محروم ہو یا تنگی رزق کا شکار ہو وہ ان اسماء کا ورد کرے کامیاب ہو ۔(تنویر) جو کوئی اسم خالق کا ورد کرے اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا کرے اور وہ اس کے لیے قیامت تک عبادت میں مشغول رہے اور پڑھنے والے کا چہرہ نورانی کر دے۔اور جو کوئی ہفتہ میں سو بار اسم یا باری پڑھے حق تعالیٰ اس کو قبر میں نہ چھوڑے بلکہ ریاض میں لے جائے اور بے اولاد ہو سات دن روزہ رکھے اور نزدیک افطار ۲۱ بار یا مصوّر پڑھے اور پانی پر دم کر کے بیوی کو پلا دے فرزند نیک پیدا ہو۔(ظفر جلیلی)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا غفورُ یا غفارُ یا عفو

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب انسان پر روزی تنگ ہو یا پریشانی دامن گیر ہو یا پریشانی اور مصیبت پیش آئے یا اولاد کی تمنّا ہو یا زیادتی مال و متال چاہتا ہو۔اس کو چاہئے کہ خلوص دل سے پروردگار عالم کی درگاہ میں توبہ کرے اس نیّت کے ساتھ کہ آیندہ اب خطاؤں کا مرتکب نہ ہوگا تو وہ جو شے کو طلب کرے گا حاصل ہوگی اور ہر شدّت و سختی دور ہو ظالم و موذی کی ایذا اور ظلم سے محفوظ رہے ان امور میں یہ تین اسماء سریع التاثیر ہیں (تنویر) پنج گنج قادریہ میں یا غفار یا اللہ کا عمل بھی مرقوم ہے سو بار بعد نماز عشاء پڑھے یہ سب فوائد حاصل ہوں انشاء اللہ تعالیٰ۔

یا وہاب

اگر کو یہ فقر و فاقہ میں مبتلا ہو اس اسم کو پڑھے اور لکھ کر پاس رکھے اور حق تعالیٰ اس کو اتنا دیتا ہے کہ حیران رہ جائے اور اگر نماز چاشت کے بعد بھی سجدے میں ۷ بار کہے اللہ تعالیٰ خلقت سے بے پروہ کر دیتا ہے

Scanned by CamScanner

۔اگر کوئی حاجت اہم ہوتو نصف شب کووضو کرے اور تین بار سجدہ کرے اور ہر سجدہ میں سو بار یا وہاب کا دورہ کرے اس طرح کے ہاتھ کی ہتھیلیاں اُپر کور ہیں مثل دعاء کے انشاء اللہ تعالیٰ پہلی شب میں ہی حاجت پوری ہوورنہ تین شب کرے کام یاب ہو۔ (ظفر جلیل)

اور شیخ مغربی فرماتے ہیں کہ اگر کوئی مہم پیش آئے یا کسی چیز کا طالب ہو یا کوئی مراد حاصل کرنا ہو یا کسی دوسرے کے ہاتھ میں قید ہو یعنی مقروض ہو یا محنت سخت برداشت کرنی پڑتی ہو یا رزق میں تنگی ہو یا طلب راہ حقیقت ہو یا دنیا کا مال حاصل کرنا مقصود ہو یا اعلیٰ درجہ کی حکومت (یا ملازمت) حاصل کرنا ہو یا دشمن کو دفع کرنا ہو یا دوست سے ملاقات کی تمنّا ہو یا اس کے علاوہ کوئی سی بھی مراد رکھتا ہوتو بوقت نیم شب وضوئے کامل کر کے دو رکعت نماز بجالائے۔ شب جمعہ ہوتو بہتر ہے اور مسجد میں یا خانہ خلوت میں اس عمل کو کرنا چاہئے بعد نماز سر کو برہنہ کر کے دست بدعا ہو کر سو مرتبہ یا وہاب کہے۔ بعدہٗ حق تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے اس عمل کو متواتر تین شب کرے انشاء اللہ الوہاب مقصد پورا ہو (تنویر)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا رزّاقُ

رزق ضروریاتِ زندگی کا نام ہے اور یا رزّاق کے پڑھنے والے کو خزانہ غیب سے روزی ملتی ہے۔ جو کوئی طلوع صبح صادق کے بعد نماز فجر سے پہلے اپنے مکان کے چاروں کونوں پر کھڑے ہو کر دس دس بار اسم یا رزّاق تلاوت کرے کبھی اس کے گھر میں ضعف اور مفلسی نہ ہو طریقہ اس کا یہ ہے کہ گھر میں قبلہ رخ کھڑا ہو اور داہنے ہاتھ کے گوشے سے شروع کرے اور اس کونے دوسرے کونے تک اس طرح جائے کہ قبلہ سے رخ نہ پھرے اور ہر گوشہ میں قبلہ رخ ہی کھڑا ہو کر یہ اسم پڑھے بہت مجرّب ہے۔ (ظفر جلیل) جناب امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جو شخص روزانہ تین سو آٹھ مرتبہ بعد نماز فجر پڑھ لیا کرے تو رزق کشادہ ہو اور شیخ بونی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ جو نصف شعبان میں کثرت سے پڑھے

Scanned by CamScanner

اور انگشتری میں کندہ کر کے پہن لے تو پروردگار عالم سال بھر کا رزق عطا فرمائے۔ (تنویر)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا فتاحُ

یہ اسم مبارک ہر کار مشکلہ جس کا حل دشوار ہو اس اسم پاک کی برکت سے آسانی سے حل ہو جاتا ہے۔ ظفر جلیل میں ہے جو بعد نماز فجر دونوں ہاتھ سینے پر رکھ کر ستّر بار یا فتّاح کا ورد کرے اس کے آہنہ دل سے رنگ میل دور ہو اور نور و صفائی کی ارزانی ہو ۱۲۔ یہ اسم پاک امتحان دینے والوں اور وکیلوں، مناظروں نئی نئی ایجادات کرنے والوں، مفکروں، مبلغوں، مقرروں کے لیے شمعِ شبستان کا کام دیتا ہے۔

شیخ بونی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ اسم سالکوں کے لیے مناسب ہے جو کثرت سے اس کا ورد کرے تو پروردگار ابواب فتح و نصرت کشادہ فرمادے اور جو شخص دو رکعت نماز ادا کرے رکعت اوّل میں بعد سورۂ فاتحہ یٰسین شریف اور دوسرے میں بعد سورۂ فاتحہ سورۂ تبارک الذی پڑھے بعد نماز ۴۸۹ مرتبہ یا فتّاح پڑھے تمام مشکلات آسان ہوں ہر حاجت بر آوے غیبی امداد شامل ہو (تنویر) اس اسم کا پڑھنے والا تسخیر اور مقدّمات میں کامیابی کے لیے نقش محیط الاسرار شریف سامنے رکھے اور نگاہ اس پر رہے آنکھ میں تسخیر پیدا ہو۔

یا عالمُ یا علیمُ

امام ہمام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں اگر کوئی اپنے دل میں اس اسم کی کثرت کرے تو پروردگار اپنے خزانہ علم سے سرفراز فرمائے۔ (تنویر) یہ اسم پاک استخارہ اور اسرار مخفی کے اظہار کے لیے مخصوص ہے۔ اگر یہ جاننا چاہے کہ اس مقدّمہ کا انجام کیا ہوگا۔ لڑائی میں کس کی فتح ہوگی۔ تجارت میں نفع ہوگا یا

Scanned by CamScanner

نقصان شرکت مفید ہوگی سفر اچھا ہوگا۔ اسی قسم دیگر امور مخفی جو قبل از وقت معلوم کرنا چاہتے ہوں تو تین شب جمعہ، بعد نصف شب باوضوئے تازہ دو رکعت نماز ادا کرے اور بعد نماز ایک سو پچاس مرتبہ اس اسم کو پڑھے اس کے بعد بستر خواب پر جائے اور ورد میں مشغول رہے۔ یہاں تک کہ سو جائے بس انشاء اللہ خواب میں بتا دیا جائے گا اور جو کچھ معلوم ہوگا اس میں بغیر کسی ولی کامل کی دعا کے ردو بدل نہ ہوگا یعنی جو معلوم ہوگا ویسا ہی ظہور میں آئے گا۔

استخارہ سے متعلق خصوصی ہدایت

اگر استخارہ سے کسی عظیم نقصان کی خبر ملے تو پریشان نہ ہو کہ وہ ہو کر رہے گا مگر بعض عمل ایسے بھی ہیں جن کے کرنے سے قضائے مبرم ٹل سکتی ہے۔ دعاء جامع المطلوب ودافع الکروب اور عمل تسخیر وعقد المحبّت اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ اکثر بزرگانِ دین اسمائے حسنٰی کے ورد کو بھی مجرّب فرماتے ہیں۔ اگر اس اسم مبارک کو چار سو پچاس مرتبہ اور پانچ سو درود شریف پڑھے تو ہر مشکل آسان ہو۔ (تنویر)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا قابضُ

اگر دشمن قوی ہو یا جان و مال کا خطرہ ہو اس اسم کو تین شب متواتر با نیت آوارگی دشمن پڑھے دشمن مقہور ہو اور مقصد حاصل ہو یہ اسم وہ ہے کہ اس کی قوّت سے فرشتہ موت، قبض روح کرتا ہے اگر کوئی شخص اس کا ورد کرے تو اس کی مشکلیں آسان ہوں اور قوّت و ہیبت

زیادہ ہو۔ اس اسم کا نقش خون حیض اور خون بواسیر کے روکنے کے لیے اکسیر ہے (تنویر) یہ نقش شمع اوّل (۳۵) ہر درج ہے۔ جو شخص پیسے کے لین دین کے وقت یہ اسم پڑھے کبھی نقصان نہ ہو۔

یا باسطُ

Scanned by CamScanner

امام اعظم رحمتہ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں اگر بوقت صبح دس مرتبہ ہاتھ پھیلا کر یاباسطُ کہے اور ہاتھ چہرے پر مل لے تو حق تعالیٰ کسی کا محتاج نہ کرے رزق کشادہ ہو غم والم دور ہوں۔ تنگدست اور مبتلائے قحط نہ ہو (تنویر) شیخ بونی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہے اگر طالب صادق اس اسم کو اس طرح پڑھے کہ اپنے نفس کو شہوت سے جسم کو حرام سے زبان کو کلام بد سے نظر کو محرّ مات سے کان کو غیبت سے ہاتھ کو ممنوعات سے دل کو معاصی سے عقل کو خواہش سے روح کو کرامت کی طرف التفات کرنے سے اور سر کو غیر کی جانب خمیدہ ہونے سے روکے تو کامل ہو جائے۔ تسخیر کے لیے اسم یاباسطُ یاودود کا ورد کرے ۔ عاملین فرماتے ہیں کہ اسم یاودود یاباسطُ کے اعداد میں اپنے نام کے اعداد شامل کر کے اس طرح کے نقش بنائے کہ اللہ لطیف بعبادہ یرذق من تشاء کا مربع حصار کئے ہو تو اس کو پہنے یا گلہ یا غلہ میں رکھنے اور دوکان پر لگانے سے ایسی برکت ہو کہ حیران رہ جائے (مگر اللہ کے نام پر یومیہ آمدنی سے کچھ نکالنا ضروری ہے۔

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا خافضُ

یہ اسم پاک دشمنوں کی شقاوت وعداوت محفوظ و مامون رہنے کے لیے خاص ہے۔ شیخ بزرگ فرماتے ہیں جو شخص حیوانی فضائل سے اپنے نفس کو پاک کر کے اس اسم کو پڑھے اس پر اسرار منکشف ہو جائیں اور اس اسم کا عامل جا حاکم وظالم کے سامنے جائے حاکم اس اسم کی ہیبت سے ذلیل وضعیف ہو۔ (تنویر)

یا رافع

جو شخص تین روزے رکھے اور چوتھے روز اگر چودھویں شب ہو تو زیادہ بہتر ہے ستّر ہزار مرتبہ پڑھے ۔ دشمن پر فتح ہو اور مخلوق میں برگزیدہ اور مالدار ہو۔ (ظفر جلیل) اگر اس اسم یا خافض یا رافع اعداد میں

Scanned by CamScanner

اپنے نام کے اعداد شامل کر کے نقش ریشمی کپڑے یا چاندی پر کندہ کرا کے اپنی ٹوپی کے اندر سی لے تو ضعف وغم دور ہو۔ تحصیل علم میں آسانی ہو امتحان میں امتیازی نمبر حاصل ہوں۔

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا مذِّل

شیخ جلال الدین محمود تبریزی فرماتے ہیں اگر دشمن قوی ہو جابر و ظالم ہو جس سے خوف جان لاحق ہو تو وضوئے کامل کر کے دو رکعت نماز ادا کرے بعد نماز سجدے میں ۷۷ مرتبہ یہ اسم بتضرع وزاری پڑھے حق تعالیٰ امان میں رکھے دشمن ذلیل ہوں (تنویر) یہ علم تسخیر عطارد کے لیے ہے۔ شیخ شہاب الدّین سہروردی فرماتے ہیں کہ اگر تسخیر عطارد کی تمنّا ہے تو ساٹھ روز کی خلوت اختیار کرے اور دس ہزار مرتبہ روزانہ یَا مُذِلُّ کُلُّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقھرِ عَذِیْذِ سُلْطَانِہٖ یَامُذِلُّ۔ کی تلاوت کرے اور ان ایّام میں دوسرا کوئی وضیفہ یا عمل ہرگز نہ پڑھے۔ بید انجیر سے چوکی سہ پایہ تیار کر کے اور ہر پایہ پر اسم مذکور تحریر کرے اور بالائے چوکی اسم یا اللہ تحریر کرے۔ اور زار بن چوکی بخور روشن کرے اور سوا ضروریات ضروریہ کے خلوت سے نہ آئے نہ کسی کو اندر آنے دے آخر دعوت ملک عطارد بصورت مرد پیر حاضر ہوگا اور مشدہ مبارک سے ساتھ اطاعت و تسخیر قبول کرے گا اس کے بعد عامل کو اختیار ہے کہ جس وقت چاہے ملک عطارد کے بتلائے ہوئے قاعدے مطابق اس سے ملاقات کرے۔ (تنویر)

اس کے عامل میں بہت سی خوبیاں پیدا ہوں گی۔ زبان سے علم و ہنر کی باتیں ادا ہوں جن کو سن کر عقلائے زمانہ تعجب کریں حق سبحانہ تعالیٰ عزیز و محترم گردانے ذلّت و خواری دور اور عامل کے ایک اشارے پر۔ ذلیل عزیز اور عزیز ذلیل ہو، گدا مسند بادشاہی کرے اور بادشاہ گدا ہو جائے۔ (تنویر)

یا سمیع

Scanned by CamScanner

امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اسم کا پڑھنے والا مستجاب الدعوات ہو جاتا ہے۔ اہل تحقیق لکھتے ہیں کہ اس کے عامل کو چاہئے کہ فحش غیبت سے اپنی زبان و کان کو بچائے۔ محمد احمد تمیمی علیہ الرحمتہ فرماتے ہیں اگر روزانہ بعد نماز فجر سات مرتبہ

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۔ پڑھے تمام دن ممات سے کفایت فرمائے اور مشکلات سے محفوظ رہے۔ (تنویر) اگر اس کا نقش لکھ کر اپنی ٹوپی میں رکھے مراتب بلند ہوں عزیز خلائق ہو ۔ (مجموء اعمال)

اگر اس اسم کے نقش کو شرف قمر میں کندہ کرا کے انگشتری میں پہنے اور اس اسم کو بکثرت پڑھے تو مقبول القول اور مستجاب ا؛ دعوات ہو جائے فتوح بے شمار حاصل ہوں۔ (تنویر) اس کا نقش دھو کر بواسیر والے کو پلائے شفاء ہو۔ اگر آٹھ یوم طار سواڑ سٹھ مرتبہ جس نیّت سے پڑھے وہ مراد حاصل ہو۔ (تنویر)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا بصیرُ

اہل تحقیق فرماتے ہیں اس اسم کا ورد کرے اور اپنی چشم کو عیوب خلق اور امر خلافِ شرع سے روکے تو اللہ تعالیٰ اسے بینائی ظاہر و باطن عنایت فرمائے اس اسم مبارک کی برکت سے انبیاء علیہم السلام کو معراج حاصل ہوئی اور اولیاء مقرب بارگاہ الٰہی ہوئے اگر روز جمعہ نماز سنّت اور فرض کے درمیان ایک سو مرتبہ اس اسم کی تلاوت کرے تو عنایات و مکاشفات و اسرار اسمائے الٰہی سے مشرف ہو۔ (تنویر)

ظفر جلیل میں روز پنجشنبہ لکھا ہے بہتر ہے کہ روز پنجشنبہ اور جمعہ دونوں دن نماز فجر کی سنّت و فرض کے درمیان پڑھے یا عصر کی سنتیں پڑھ کر اس اسم کی تلاوت کرے پھر فرض بجماعت ادا کرے۔

یا حاکمُ یا حَکِمُ یا حَکیمُ

Scanned by CamScanner

اس اسم میں صفات ہائے عجیب وغریب ہیں کوئی مہم پیش آئے قید ومجبوری، قرض وغربت، تنگی معیشت و درویشی یا مثل اس کے تو اس اسم کا ورد کرے۔ شیخ بونی علیہ الرحمتہ نے فرمایا ہے کہ جو کوئی اس کی مداومت کرتا ہے اس پر امور حقیقیہ اور مواہب الٰہیہ کھول دئے جاتے ہیں۔ اور اگر کوئی شخص اس اسم کے اعداد کے موافق روزانہ بعد ہر نماز کے تلاوت کرے تو پروردگار عالم فہم وحکومت عطا فرمائے اور اس مشکل کو سلجھانے میں دشواری نہ ہو (تنویر) اس اسم کا عامل جس مشورے میں شریک ہو بہتر اور مفید رائے دے اور اس کی رائے علم وحکمت فہم ودانش پر مبنی ہو جس مشکل کا حل بڑے بڑے مفکّر اور اہل دانش نہ نکال سکے ہوں اس کا حل اس کا عامل تلاش کر لے گا۔

اس لیے حکیم وڈاکٹر اور وکیلوں کے لیے اس اسم اعظم کی تلاوت مفید ہے۔

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا عادلُ یا عدلُ

جو مرد مومن قبر وحشر کی ہولناکیوں سے ڈرتا ہو اور یہ خوف ہو کہ میرے ماتحت اور محکوم افراد کو میری ذات سے کوئی اذیت یا دُکھ پہنچ گیا تو قبر وقیامت میں اس کی سزا کیا ہوگی۔ کیونکہ ارشاد باری ہے کہ میں تو اپنے رحم وکرم سے اپنے قصور تو معاف فرمادوں گا مگر میری کسی بندے کے حقوق کسی پر ہوں تو وہ میں معاف نہ کروں گا وہ بندہ خود معاف کردے تو اسے اختیار ہے۔ لھٰذا آخرت کی باز پُرس سے ڈرنے والے ،افسران، مجسٹریٹ، جج اور کارخانوں کے مینیجر و مالکان وغیرہ کو اس اسم کا ورد کرنا چاہئے یا عادل کے عدد ۱۰۵ اِن اعداد کو ۴ سے اور یا عدل کے ۱۰۴ اعداد کو ۳ سے ضرب دے کر پڑھے تو اللہ تعالیٰ اپنی صفت عدل کا پرتو اس پر ڈال دے

اگر ہر شب جمعہ کو ۲۱ روٹی کے ٹکڑوں پر تحریر کر کے کھائے تو نور ایمان زیادہ ہو خامیاں اور برائیاں دور ہوں اگر بعد نماز صبح کسی سے بات کیے پانچ ہزار تین سو سولہ مرتبہ پڑھے تو پروردگار عالم جمیع ظالمان کو دفع

Scanned by CamScanner

فرمائے اور امن وسکون حاصل اور نماز سے پہلے چار مرتبہ العدل کہے تو دعا مستجاب ہو۔ (تنویر) جو شخص بروز جمعہ روٹی کے ۲۰ ٹکڑوں پر لکھ کر کھائے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے خلق کو مسخر کر دے۔ (ظفر جلیل)

یا لطیفُ

اس اسم مبارک کی برکت سے حق تعالیٰ طالبان علم عنایت فرماتا ہے اور عابدین ومومنین کے اعمال کو اس کے صدقہ میں ملائکہ آسمان پر لے جاتے ہیں جو شخص اس اسم کی مداومت کرے اس کو چاہئے کہ خلقِ خدا سے بہ لطف وشفقت پیش آئے تا کہ حق تعالیٰ ذاکر کو مظہر لطف بنادے۔ (تنویر) جو ملازمت یا روزگار سے محروم ہو یا فقر وفاقہ میں مبتلا ہو۔ یا کم آمدنی کی وجہ سے پریشان ہو یا بوجہ غربت کوئی مونس نہیں یا بیمار ہے اور کوئی غمخوار نہیں یا لڑکیاں ہیں اور شادی نہیں ہوتی، یا کثیر العیال ہے تو وہ وضو کرے کامل اور دو رکعت نماز ادا کرے اور اس اسم کو حصول مقصد کے لیے سو بار پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کے کام کو سرانجام فرمائے (ظفر جلیل)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا خبیر

اس اسم کا عامل عالم خواب وبیداری میں پوشیدہ حالات سے باخبر ہو جاتا ہے (تنویر) یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِي یَا رَشِیْدُ ارْشِدْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ۔ یعنی دو رکعت نماز ادا کرے اور اس کا ثواب سیّدنا غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روح پاک کو بخشے اور بعد نماز ۱۲۱ بار یہ عزیمت پڑھے جو معلوم کرنا ہو عالم خواب نیم بیداری یا عالم بیداری میں دیکھ لے (مجموعہ اعمال) جو کوئی اپنے نفس کے تابع ہو چکا ہو اور احکامِ الٰہی سے غافل ہو اس اسم کو کثرت سے پڑھے نکوکار ہو جائے۔ (ظفر جلیل)

Scanned by CamScanner

یا حلیمُ

اہل تحقیق نے فرمایا ہے کہ اس اسم کی برکت سے مخلوق کا آب وطعام مرتب کیا گیا ہے اور اسی کی برکت سے عالم قائم ہے۔ اگر

کوئی شخص ۸۸۳ بار روزانہ تلاوت کرے تو خلقت مہربان ہو (تنویر) اس اسم کو کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر وقت آبپاشی کھیت ہیں چھڑکے زراعت میں برکت ہو۔ اور کھیتی آفات ارضی سے اور سماوی سے محفوظ رہے گی۔ (ظفر جلیل) شیخ حاجی ناصر الدین اور شیخ عبدالمجید مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہما متفق ہیں کہ اگر بیمار کے سرہانے ایک بار سورۂ فاتحہ اور دس بار یا حلیم پڑھے تو مرض کے ہیجان اور شدّت میں فوراً تخفیف ہو اور مریض شفایاب ہو۔ (تنویر)

یا عظیمُ

شیخ مغرب علیہ الرحمتہ ارشاد فرماتے ہیں اس اسم کا ذاکر جس کی جانب نگاہ اٹھادے وہ بے ساختہ تعظیم کے واسطے کھڑا ہو جائے۔ (تنویر) جس شخص کو لوگ بہ نظر حقارت دیکھتے ہیں بوجہ غربت و افلاس، تنگی رزق و بے روزگاری یا جو شخص اپنے علم اور خاندانی افتخار کے مطابق عہدہ یا ملازمت حاصل کرنے میں ناکام رہے وہ شرفِ آفتاب نقشِ مربع چاندی پر کندہ کرا کے انگشتری میں رکھے اور اس اسم کا ورد کرے معظم و مکرم ہو۔

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا شکورُ

اہلِ حقیقت فرماتے ہیں۔ اس اسم کا ذاکر مستجاب الدعوات ہو جائے اور پروردگارِ عالم اپنے انعامات

Scanned by CamScanner

یا حلیمُ

اہل تحقیق نے فرمایا ہے کہ اس اسم کی برکت سے مخلوق کا آب وطعام مرتب کیا گیا ہے اور اسی کی برکت سے عالم قائم ہے۔ اگر

کوئی شخص ۸۸۳ بار روزانہ تلاوت کرے تو خلقت مہربان ہو (تنویر) اس اسم کو کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر وقت آبپاشی کھیت میں چھڑکے زراعت میں برکت ہو۔ اور کھیتی آفات ارضی سے اور سماوی سے محفوظ رہے گی۔ (ظفر جلیل) شیخ حاجی ناصر الدین اور شیخ عبدالمجید مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہما متفق ہیں کہ اگر بیمار کے سرہانے ایک بار سورۂ فاتحہ اور دس بار یا حلیم پڑھے تو مرض کے ہیجان اور شدّت میں فوراً تخفیف ہو اور مریض شفایاب ہو۔ (تنویر)

یا عظیمُ

شیخ مغرب علیہ الرحمتہ ارشاد فرماتے ہیں اس اسم کا ذاکر جس کی جانب نگاہ اٹھادے وہ بے ساختہ تعظیم کے واسطے کھڑا ہو جائے۔ (تنویر) جس شخص کو لوگ بہ نظر حقارت دیکھتے ہیں بوجہ غربت و افلاس، تنگی رزق و بے روزگاری یا جو شخص اپنے علم اور خاندانی افتخار کے مطابق عہدہ یا ملازمت حاصل کرنے میں ناکام رہے وہ شرفِ آفتاب نقشِ مربع چاندی پر کندہ کرا کے انگشتری میں رکھے اور اس اسم کا ورد کرے معظم و مکرم ہو۔

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا شکورُ

اہلِ حقیقت فرماتے ہیں۔ اس اسم کا ذاکر مستجاب الدعوات ہو جائے اور پروردگارِ عالم اپنے انعامات

Scanned by CamScanner

کے لیے مخصوص فرمالے اور مقام کشف حاصل ہو دنیا، و آخرت کی نیکیاں اور بھلائیاں حاصل ہو۔ (تنویر) اگر آنکھوں کی روشنی کم ہو جائے یا بصارت ختم ہو جائے اس اسم کو ۴۱ بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں میں پانی لے کر دم کرے اور منہ پر ڈالے اور آنکھوں پر ملے۔ مولیٰ تعالیٰ آنکھوں کی روشنی واپس فرمادے ۔(ظفر جلیل)

یا علی

جو شخص اس اسم کی تلاوت کرے اگر ذلیل ہو تو عزیز اور ادنیٰ ہو تو اعلیٰ مرتبے پر پہنچے فقیر ہو تو مالدار ہو جائے۔ غریب الوطن ہو تو وطن کی واپسی کا سامان مہیّا ہو جائے دشمن پر تسلّط ہو۔ ملوک و سلاطین میں تقرب حاصل ہو۔ اگر اس اسم کا نقش انگشتری میں پہنے اور اس کا ورد کرے تو ایسے عجیب و غریب اثرات ملاحظہ فرمائے کہ خود حیران رہ جائے اگر حاکم یا بادشاہ ہے تو لشکر و رعایا اطاعت میں سر تسلیم خم کردے اور اگر وہ انگشتری لڑکی کو پہنائی جائے۔ جس کی شادی نہ ہوتی ہو تو بہ برکت اسم معظم پیغام آنا شروع ہو جائیں۔ (تنویر) بہتر ہے کہ علی العظیم کو ملا کر پڑھے یا اسم علی اور عظیم کے پڑھنے کے بعد آیۃ الکرسی شریف کو تین بار پڑھے۔

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا حافِظُ یا حفیظ

اس اسم کا عامل خوف حاکم ظلم ظالمین، شر شیاطین سے محفوظ رہتا ہے۔ چرند و پرند، درند و حشرات الارض سے محفوظ و مامون رہتا ہے۔ جنگلات کا کام کرنے والو، فوجی جوانوں، جہاز رانوں کو اس کا ورد ضرور کرنا چاہئے ساتھ ہی بچّوں کو خلل و آسیب و بیماری سے محفوضی کے لیے اس کا نقش دینا چاہیئے امام علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ تعداد اسم کے مطابق کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھے تو وسوسہ شیطانی و

Scanned by CamScanner

خیالات فاسدہ، خوف سلاطین، سانپ، بچھو کے گزند سے محفوظ رہے۔ لاعلاج مریض کے باندھے شفایاب ہو۔ (تنویر)

یا مُقیت

یہ اسم نفس کو مطیع اور روح کو مسخر کرنے میں یکتا ہے۔ یعنی جو شخص نفس کو تابع کر لیتا ہے۔ وہ پانی پر مثل زمین چلتا اور فضائے بسیط میں پرواز کرتا ہے اور روح مسخر ہو جاتی ہے۔ تو جسم روح کی مانند لطیف ہو جاتا ہے۔ اس کے لیے قرب و بعد سب یکساں ہو جاتے ہیں۔ روح کی طرح جسم آسمانوں کی سیر کرتا ہے اور یہ اسم بے سہاروں کا سہارا ہے۔ اہل تحقیق نے فرمایا ہے کہ اس سے اسم کے دریائے معرفت میں غرق ہو کر پڑھے اور اپنا زیادہ وقت خدمتِ خلق میں صرف کرے اور ہر دوست و دشمن پر شفقت و جود و سخا کرنے میں دریغ نہ کرے تا کہ حق تعالیٰ نفس کو مطیع اور روح کو مسخر فرما دے۔ (تنویر)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا حَسیب

اس اسم کی برکت سے کراماً کاتبین اور ملائکہ مقربین بندوں کے اعمال پر مطلع ہوتے ہیں۔ شر و خوف دشمناں اور بدمزاج بدکار عورت اسی طرح بیوی اپنے بدکار عیاش مرد کے لیے ملازم اپنے جابر و ظالم حاکم جس سے ہر وقت عزّت و آبرو کا خطرہ ہو تو چہار شنبہ یا پنجشنبہ کو روزہ رکھے اور بعد ہر نماز ۷۷ مرتبہ کہے حَسْبِیَ اللّٰہُ انشاء اللہ تعالیٰ چند ہی بار عمل کرنے سے عادات بد افعال قبیحہ سے نجات حاصل ہو۔ (تنویر) اگر اعداد اسم کے مطابق بغیر صوم ورد کرے تو اس کی برکت سے حاجات برآویں مال و اہل فرزند آفات وارضی و سماوی سے محفوظ رہیں۔ شریر، کند ذہن، کام اور پڑھنے سے بھاگنے، خوف و ڈر سے رونے یا نظر سے بیمار ہونے والے بچّوں کو مٹی کے پیالے یا آبخورے پر ,,یا حسیب و یا مقیت،، سات

Scanned by CamScanner

بار پڑھ کر دم کرے، بعدہٗ پانی اس میں سے خود پیئے اور بچا ہوا پانی بچّے کو پلائے۔ (ظفر جلیل)

یا جلیلُ یا ذالجلال والاکرام

یہ دونوں اسم خواص میں یکتا ہیں۔ حضرت امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں (ان میں سے کوئی) اسم اگر سات روز تک روٹی ایک ٹکڑے پر لکھ کر خود کھائے باقی روٹی صدقہ کر دے تو تمام مخلوق مسخر ہو اور باکرام پیش آئے۔ اس اسم کا پڑھنے والا خدا اور بندگانِ خدا کے سامنے معزّز و مکرّم ہو اور جمیع مقاصد و مرادات حاصل ہو۔ اگر کاغذ سفید پر لکھ کر مکان میں رکھے برکت ہو۔ لوگ اس کی جانب رو جوع کریں۔ (ظفر جلیل) حاملہ عورت باندھے تو حمل اسقاط سے محفوظ رہے اور بچّہ جن آسیب، ام صبیان سے خلل سے مامون رہے۔ اگر کھانے یا پانی پر دم کر کے طرفین کو کھلائیں یا پلائیں تو صلح ہو سیسہ کی تختی پر لکھ کر مطلوب کی صورت بنا کر اس کے مکان میں رکھ دیں نکسیر جاری ہو اور مٹی کا پتلا بنا کر لکھ کر سکھا کر برادہ بنا کے ظالم کے گھر میں ڈالے برباد ہو (تنویر)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا مُقسِطُ

یہ اسم قوی باہیبت ہے اس کے پڑھنے والے سے لوگ خوفزدہ رہتے ہیں بڑے سے بڑا جابر و مفسد اس سے آنکھ ملانے سے گریز کرتا ہے اس کے عامل یہ صفت اسی وقت تک باقی رہتی ہے کہ جب تک وہ کسی کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک نہ کرے۔ اگر کسی کا حق کسی نے داب رکھا ہے اگر شوہر بے انصافی سے عورت کا حق غصب کرتا ہے تو اس اسم کے اعداد کے مطابق پڑھے اگر چالیس روز میں اس کا اثر شوہر کے فعل سے ظاہر نہ ہو یعنی شوہر اس کا حق محبت حق زوجیّت ادا نہیں کرتا تو یہ نہ سمجھنا کے اس کا اثر نہیں ہوا۔ بلکہ اپنی خامی تصور کرے کہ مجھ پر بھی شوہر کا حق باقی ہے اور میں اس کو ادا نہیں کر پاتی یہ خیال کر کے ہر تکلیف

Scanned by CamScanner

برداشت کرتے ہوئے شوہر کی خدمت کرے اور اس اسم کا ایک چلّہ اور کرے اس نیّت کہ اگر مجھ میں خامی ہے تو میری اور میرے شوہر کی اصلاح فرمادے۔ اپنے عدل سے اہل تحقیق نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسم کا ورد کرے یقین رکھے کہ اللہ تعالیٰ عادل ہے کسی پر ظلم نہیں فرماتا۔ (تنویر)

یا جامعُ

اس اسم کی برکت سے جمیع مخلوقات جناب سلیمان علیہ السلام کی مسخر تھی۔ (تنویر) اگر کوئی شخص پریشان حال ہو، اعزّہ و احباب سے دور ہو، محبوب کی جدائی میں بے قرار ہو تو بروز یکشنبہ بوقت چاشت غسل کرے اور دو رکعت نماز ادا کر کے منہ آسمان کی طرف کرے۔

دونوں ہاتھ پھیلا کر دس مرتبہ یا جامع کہے اس طرح کہ جب پہلی بار یا جامع پڑھے داہنے ہاتھ کی ایک انگلی بند کرے، دوسری پر دوسری اس طرح دس بار میں دسوں انگلیاں بند کر لے، پھر بے شمار اس اسم کا ورد کرے۔ بعدہٗ ہاتھ کھول کر منہ پھیر لے محبوب حاضر ہو۔ (ظفر جلیل)

یہ عمل ہرگز ہرگز غیر عورت یا غیر مرد کے لیے تو اس کے لیے بھی نہ کرے جس سے منگنی ہو چکی ہو نکاح نہ ہوا ہو، صرف فرار شدہ یا میکے بیٹھ جانے والی کے لیے کرے اسی طرح وہ عورت اپنے شوہر کے لیے کرے جس کا شوہر غائب ہو یا لڑ کر چلا گیا ہو۔

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا کریم

شیخ ابوالعباس احمد ابن علی بونی علیہ الرحمتہ فرماتے ہیں جو شخص اس اسم کی مداومت کرے تو مدّت حیات معزّز و مکرم رہے اور مستجاب الدعوات ہو جائے۔ تنگدستی و مفلسی دور ہو دولت اور وسعت رزق حاصل ہو۔ (تنویر) اس اسم کی برکت سے علم و دولت عزّت و شہرت جو بھی نعمت حاصل ہو وہ کریم و سخی دے کر

Scanned by CamScanner

واپس نہ لے اس یقین کے ساتھ عمل کرے اگر سوتے وقت بستر پر لیٹنے کے بعد پڑھے اور پڑھتے پڑھتے سو جائے تو شب بھر فرشتے اس کے لیے دعا کریں۔ظفر جلیل) بنج گنج قادریہ میں یا کریم یا اللہ بعد نماز ظہر سو بار مرقوم ہے۔

(ابو ظیفتہ الکریمہ)

یا رقیبُ

یہ اسم پاک محافظت حسن و جمال، اولاد وزر، و مال، کاروبار، کھیتی، ملازمتو غیرہ کے لیے ہے۔ یہ اسم معافی داد صاف میں بہت وسیع ہے۔ اگر کسی کے حسن و جمال، اولاد اموال، عزّت و مال کے حاسد ورقیب زیادہ ہوں، یا کسی کی منگنی ہو چکی ہو اور حاسدین درمیان میں حائل ہو جائیں اور کشیدگی پیدا کرنے کی کوشش کریں یا کشیدگی پیدا کر دی گئی ہو تو اس اسم کا ورد کرنا چاہئے جو مال و ملکیّت بوجہ دشمنی و حسد چھین لی گئی ہو اس کے حصول کے لیے بھی اس کا عمل بہتر ہے۔ حضرت امام علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ جس دشمن کے مقابلے کی طاقت نہ ہو اس کے لیے سات بار ہر نماز سے پہلے پڑھ لیا کرے ۔ (تنویر) گھر بار کھیتی وغیرہ کو تنہا چھوڑتے وقت دشمن کے نقصان پہنچانے کا خطرہ ہو تو اس اسم کو سات بار پڑھ کر جس کی حفاظت مقصود ہو اس کے گرد دم کر دے واپسی تک کوئی نقصان نہ پہنچا سکے۔ (ظفر جلیل)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا مجیبُ

اس اسم کی برکت سے حضرت اسمٰعیل الیہ السلام کے گلے پر چھری کند ہو گئی تھی۔ (تنویر) امام علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر جو دعا مانگی جائے قبول ہو۔ اگر کسی دعاء و عمل کے آخر میں ۲۶ مرتبہ یا سریع یا مجیب پڑھے تو فوراً ظہور ہو (تنویر) شیخ شہاب الدین سہروردی رحمتہ اللہ

Scanned by CamScanner

علیہ نے فرمایا ہے کہ اس اسم کے نقش کو اپنے پاس رکھے تو ہر بلا سے محفوظ رہے اگر کوئی سخت مہم درپیش ہو یا کسی امر میں مضطرب ہو تو ایک مجلس میں نوّے ۹۰ ہزار مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ حاجت پوری ہو بغایت مجرّب ہو۔

(تنویر) شیخ بونی علیہ الرحمتہ نے فرمایا ہے کہ اگر کسی حاکم یا بادشاہ کو مسخّر کرنا ہو تو اس کی تصویر کو خلوت میں اپنے سامنے رکھے اور اس اسم کے نقش کو نئی ٹھیکری پر لکھ کر اپنے پاس رکھے اور خلوت میں اس اسم کو پڑھنا شروع کرے مقصد حاصل ہو۔ اگر اس کا نقش چاندی پر کرا کے پاس رکھے قبولیت دعاء کی برکت حاصل ہو۔ ظفر جلیل)

یا واسع

اہل طریقت نے فرمایا ہے کہ جو شخص حریص ہو تو اس کے لیے یہ اسم نافع ہے اگر ۱۳۷ مرتبہ روزانہ ورد میں رکھے حق تعالیٰ اپنے افضال کی بارش فرمائے اگر کوئی ۱۰۲۵ مرتبہ پڑھے علوم رتبہ منزلت عالی تسخیر قلوب سلاطین و امراء رفعت و جاہ و منزلت، احوال عجیب و حالات غریب اور وسعت رزق کے مفاد حاصل ہوں اگر اس کے نقش کو لکھ کر کسی مکان یا دکان یا ذخیرہ، تجوری میں رکھیں برکت حاصل ہو۔

(تنویر) تسخیر کے لیے ۷۰ یوم روزانہ ستّر ہزار مرتبہ پڑھے تو مرتبہ عالی ہو۔ تمام مخلوق مطیع و مسخر ہو وسعت رزق کے لیے ۱۵ مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھے۔ تنویر)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا ودودُ

یہ اسم حب کے لیے عاملین میں بہت مشہور ہے اہل تحقیق فرماتے ہیں اگر اس کا عامل اپنے بیگانے ہر ملنے والے سے اخلاق و محبت سے پیش آئے تو اللہ تعالیٰ اسے اپنا محبوب بنا لے۔ (تنویر) امام علی رضا

Scanned by CamScanner

رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اگر کوئی خواہشاتِ نفسانی میں مبتلا ہو، شرابی یا زانی ہو، کذاب اور ایذائے اہل اسلام میں کوشاں رہتا ہو تو ۹۶۰ مرتبہ اسم یا ودود اور اوّل آخر ۵۳ بار یہ آیۃ کریمہ اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَ يُعِيْدُ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ۔ پڑھے پھر دعاء کرے انشاءاللہ نیک انسان بن جائے گا۔

اسی طرح فاحشہ عورتوں کو سدھارنے کے لیے بھی یہ عمل کرنا چاہئے۔ (تنویر)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا ماجد یا مجید

جو شخص صاحبِ عزّت و بزرگی ہونا چاہے اس اسم کا ورد کرے اگر کوئی شخص ذلیل و رسوا ہو کسی وجہ سے یہ گمان ہو کہ ذلیل و رسوا ہو جائے گا۔ مثلاً کسی کی امانت رکھی تھی۔ خرچ کر چکا، یا مالدار تھا، اب مفلس ہے اور لڑکی یا لڑکے کی شادی کرنا ہے جس میں پردہ فاش ہونے کا اندیشہ ہے یا ملازمت چھوٹ چکی ہے۔ یا معزول کیے جانے کس اندیشہ ہے تو اس اسم کا ورد کرے۔ مولیٰ تعالیٰ اس کی برکت سے ایسا ذریعہ عطا فرمادے گا کہ ذلّت و رسوائی سے محفوظ رہے (تنویر) امانت میں خیانت، رشوت یا مزدور و ملازمت کا پیسہ کوئی الزام رکھ کر کاٹنا یا کسی کی بھول سے فائدہ اُٹھانا اس کی رقم مار لینا حرام ہے۔ ایسا کرنے والا اپنے پچھلے فعل سے توبہ کرے اور آیندہ کے لیے عہد کرے پھر عمل کرے۔ شیخ ابوالعباس فرماتے ہیں یہ عمل امراء اور بادشاہوں کے حسب حال ہے۔ (تنویر)

یا باعثُ

اس اسم کو برائے صفائے باطن و رفع وسوسہ شیطان و تزکیہ نفس پڑھنا چاہیئے۔ اگر کسی شخص میں شہوت، غفلت و حرص بخل بہت ہو تو اس اسم کو بوقت خواب لیٹ کر سینے پر ہاتھ رکھ کر پانچ سو بار پڑھنا چاہئے

Scanned by CamScanner

۔(تنویر) شیخ عبدالمجید مغربی فرماتے ہیں کہ باعث ہی ہے جو پریشانیوں کو دفع فرماتا ہے۔اس اسم میں سرّ اکبر ہے اس کا ذکر اس فرد کے لیے بہت مناسب ہے جس ہمّت پست ہو چکی ہو۔زندگانی اور صحت و حفظ قوای جسمانی وروحانی کی عجیب وغریب تاثیر اس اسم میں موجود ہے۔(تنویر)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یاشہیدُ یاشاھدُ

اہل حقیقت نے فرمایا ہے کہ اس اسم کے ذاکر کو بُرے افعال اور دروغ گوئی سے بچنا ضروری ہے جو شخص روزانہ اعداد اسم کے مطابق ورد میں رکھے اس کے اہل وعیال ہر بلا اور بُرائی سے محفوظ رہیں۔اگر کسی کی بیوی یا بچّہ نافرمان شریر ہو تو روزانہ صبح کو اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر ۲۱ مرتبہ یہ اسم پڑھ کر دم کرے مطیع وفرمانبردار ہو۔(ظفر جلیل) اگر نماز کے بعد اعداد اسم کے مطابق تو قلب ذاکر سے حجاب اُٹھ جائے۔(تنویر)

یاحقُّ

کسی سے لڑائی جھگڑا ہو جائے یا کسی قسم کا لین دین کا معاملہ ہو یا مقدّمہ ہو یا پنچایت کے طور پر فیصلے کے لیے کچھ لوگ جمع ہونے والے ہوں اور خود کا حق پر ہونے کا شرعی یقین ہو ساتھ ہی یہ بھی گمان ہو کہ فیصلہ میرے خلاف ہوگا تو اس اسم کا ورد کرے۔(تنویر) شیخ مغرب رحمتہ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا کہ گمشدہ شے کے حصول کے لیے ایک کاغذ کے کونوں پر گمشدہ کا نام اور درمیان میں یاحق تحریر کرے دستیاب ہو ۔(تنویر) اور ظفر جلیل اتنا اضافہ کیا ہے کہ اس کاغذ کو اپنی ہتھیلی پر رکھے اور ہاتھوں کو مثل دعاء اُٹھائے اور نظر آسمان کی جانب ہو پھر اس اسم کو شفیع لائے یعنی اس کا ورد اعداد اسم کو مطابق کرے یا وہی شے ملے یا اس سے بہتر، اگر قیدی نصف شب سرنگا کر کے ایک سو آٹھ بار پڑھے رہائی پائے۔

Scanned by CamScanner

یا وکیلُ

اس اسم کے ذاکر یہ یقین کرنا چاہئے کہ حق تعالیٰ جمیع مخلوقات کی کفایت کرنے والا ہے۔اس اسم کا ذاکر تمام خوف سے مامون رہے۔اگر مقام خوف پر تلاوت کرے خواہ خوفِ بہائم ہو یا خوفِ برق ورعد یا خوفِ زلزلہ، پروردگار محفوظ رکھے۔(تنویر) شیخ بونی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔اس اسم میں حصول مرادات کی تاثیر کلی موجود ہے جو شخص اس اسم مبارک کی تلاوت کرے اگر مسافر ہے بخیریت وطن واپس آئے،قید ہے تو نجات پائے،مقروض ہے تو قرض ادا ہو۔اگر بہ نیت دفع دشمن پڑھے مقہور ہو۔تنویر)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا قویُّ

یہ اسم بہت قوی الاثر ہے۔اس کی تلاوت کا اثر فوراً ظاہر ہوتا ہے اس کے عامل پر ایک دو نہیں ہزاروں دشمن بلکہ پوری فوج بھی غلبہ حاصل کر کے ظلماً نقصان نہیں پہنچا سکتی۔دفع بیماری کے بعد کی کمزوری کے لیے یا وقت سے پہلے بوڑھے یا کمزور اور چلنے پھرنے سے معذور ہو جانے والے یا معذور ہو جانے کا خطرہ ہو تو یا قادر،یا قوی،یا قائم،یا دائم،چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر پینا چاہئے۔

یا متینُ

اس اسم کا عامل اگر اپنی چشم کو نامحرم سے محفوظ رکھے تو اس کی محبت وہیبت دوست دشمن ہر ایک کے قلب میں خون کی گردش کے ساتھ دوڑنے لگے۔اگر کسی خاص ذات کو مسخر کرنا ہو تو خوشبودار پھول یا میوہ پر دم کر کے دے وہ خوشبو سونگھے یا میوہ کھائے تو مہربان ہو۔

(تنویر) جو بچہ چلنے سے معذور ہو اس اسم کا نقش باندھے چلنے لگے بچے کی ماں کے دودھ نہ ہو اس اسم کو لکھ

Scanned by CamScanner

کر ماں کو پلائے دودھ بہت ہو۔

(ظفر جلیل)

یا حامدُ یا محمود یا حمید

اس اسم پاک کی جتنی بھی تعریف جائے کم ہے اس اسم کا عامل عالم محویّت میں گم ہو کر پڑھے اور خالص حمد و ثناء ہی کی نیت رکھے تو صفات محمودہ سے متصف ہو جاتا ہے اس اسم کے قاری کی حاضر و غائب تعریف ہو گی یہ اسم تسخیر و محبت اور افعال بد سے بچانے میں بہت زود اثر ہے۔ ان میں سے کوئی اسم یا تینوں اسماء اگر لکھ کر پلائے جائیں تو تمام بوری عادت چھوٹ جائیں۔ (تنویر) شریر بد چلن نافرمان بچّوں کے لیے پیالے پر یہ عبارت کندہ کرا کے رکھ لیں اسی میں پانی پلائے۔ (ظفر جلیل)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا محصی

اس اسم کا پڑھنے والا عذاب قبر و حشر سے امان پاتا ہے اگر روز جمعہ یا شب جمعہ میں ایک ہزار مرتبہ پڑھے حساب عاقبت آسان ہو۔ (تنویر) یہ اسم اکاونٹنٹ اور کلرکوں کے لیے آب حیات کا حکم رکھتا ہے ،کتنا ہی کام کرنا آسان ہو۔ آسان ہو جائے اور حساب کتاب میں اگر غلطی ہو تو فوراً محسوس ہو جائے جو علم حساب پڑھتا ہو یا امتحان دیتا ہو یا جس کے حساب میں غلطیاں زیادہ ہوں وہ اس کا ورد کرے۔

(تنویر)

یا مُبدی یا مُعید

جس امر مشکل ،یا مکان ،دوکان کی تعمیر ،دوکان کارخانہ وغیرہ غرض کسی بھی کام کی ابتداء کرتے وقت اس

Scanned by CamScanner

اسم کو ۵۶ مرتبہ پڑھ کر آغاز کیا جائے بحسن وخوبی انجام کو پہنچے۔ (تنویر) شیخ عبدالمجید مغربی فرماتے ہیں اگر طالب فرزند قبل صحبت ۵۶ مرتبہ مرد وعورت پڑھ لیں۔ مولیٰ تعالیٰ اپنی قدرتِ کاملہ سے فرزند عطا فرمائے اگر زن حاملہ درد میں رکھے بچہ صحیح سالم پیدا ہو اور وقت پیدائش تکلیف نہ ہو۔

(تنویر)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا محیی یا حیّ

یہ اسم مبارک مورچہ پر جانے والے فوجی سپاہیوں، سمندر میں غوطہ لگانے والوں، بس، ٹیکسی، رکشہ ڈرائیوروں، خصوصاً پہاڑی علاقوں میں سفر کرنے والوں یا پہاڑی علاقوں میں کام کرنے والوں پل اور سرنگیں بچھانے والے، غرض ہر وہ کام جس میں موت کا خطرہ ہو یہ اسم پاک ۹۵ مرتبہ پڑھ کر گھر سے نکلے، سلامت گھر واپس آئے جو لوگ دریاؤں کے قریب رہتے ہیں۔ سیلاب یا زلزلوں کا خطرہ رہتا ہو وہ اس کا ورد رکھیں جانی ومالی نقصان سے محفوظ رہیں۔ (تنویر وظفر وفوائد کبریٰ وغیرہ)

یا ممیتُ

یہ اسم پیرانِ طریقت اور راہنمایان شریعت کے لیے ضروری ہے کہ اس اسم کی برکت سے نفس امارہ مطیع و مسخر ہو جاتا ہے۔ امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ بوقت خواب اپنے دونوں ہاتھ سینے پر رکھ کر ۴۹۰ مرتبہ یا ممیت پڑھے اس کے بعد سو جائے حق تعالیٰ اس کے نفس کو مطیع و مسخر فرما دے۔

(تنویر) دیگر ہلاکی و بربادی دشمن کے لیے بھی یہ اسم مخصوص ہے۔ شیخ بونی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ پانچ اسم یا مصوّر، یا مبدی، یا معید، یا محیی، یا ممیت اگر طالب علم ان اسماء کا ورد کرے تو عالم ہو جائے پروردگار عالم فہم وادراک عقل وذہن لطیف عطا فرمائے۔ تمام مشکلات میں آسانیاں پیدا ہوں

Scanned by CamScanner

۔(تنویر)

یاقیّومُ

اس اسم کی مداومت کی برکت سے عمر دراز ہوتی ہے۔مرادات میں کامیابی،دشمنوں پر غلبہ اور دلوں پر تصّرف حاصل ہوتا ہے۔سیّدنا امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں دیکھا میں نے بوقت شدّت جناب رسول مقبول صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یاحیّ یاقیّوم کہا اور فوراً راحت حاصل ہوئی۔جو شخص طالب عزّت وجاہ اور ترقی کاروبار ہو برائے قدرت وسرعت واجابت وقضائے حاجات وحصول مقاصد وفتح مقدمات اس اسم مبارک میں سب تاثیرات موجود ہیں۔شیخ بونی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں وقت سحر اس کا ورد کرے تو خلق مسخر ہو،اکثر اکابرین نے اسم یاحیّ یاقیّوم کو اسم اعظم فرمایا ہے۔(تنویر)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یاواجد یاغنی یامغنی

یہ اسمائے الٰہیہ حصول دولت وغنا کے لیے امتیازی شان رکھتے ہیں۔یاواجد حصول کشف کے لیے عاملین کا معمول رہا ہے۔جو شخص حلال ذریعہ معاش کا تلاشی ہو یا تاجر کس کی تجارت حسبِ منشاء نہ چلتی ہو یا اولاد کثیر ہو۔خورد ونوش کا انتظام قلیل ہو یا بالکل نہ ہو اس لیے حرام وناجائز ذرائع معاش تلاش کرنے سے بہتر ہوگا کہ ان میں سے کوئی ایک اسم منتخب کر کے ورد کرے یا ایسی دعائیں جن میں یہ اسماء بھی شامل ہوں عمل میں لائے اللہ تعالیٰ غیب سے طیّب وطاہر رزق کثیر عطا فرمائے اور وہ بے نیاز اس قدر دے کہ خرچ سے بچ رہے ان اسماء کو اپنے اعداد اسم کے مطابق ورد میں رکھے۔

Scanned by CamScanner

یا احدُ یا واحد یا وحید

ان اسماء سے کسی اسم کے ذکر سے ذاکر کا دل ایسا مطمئن اور بے خوف ہو جاتا ہے کہ بڑے سے بڑے خطرے اور لرزا دینے او لے واقعے ہراساں کر دینے والے ماحول میں بھی فکر قریب نہیں آتی، یہاں تک کہ پھانسی کہ تختے پر بھی اس کے قلبی اطمینان وسکون کا وہ نورانی جلوہ ہوتا ہے کہ جس کو دیکھ کر نمرود وشدّاد دوراں بھی کانپ کر اپنے آپ کو اس کے قدموں پر ڈال دیتے ہیں۔ گویا اس واحد یکتا کی وحدانیّت کے جلوے اس اسم کے ذاکر کو اپنی آغوش میں لے لیتے ہیں۔ اسی لیے عالمین اور اہل تحقیق کو شاہان وذمّہ داران مملکت اور فوجی افسران کے لیے تحفہ قدرت بتاتے ہیں۔ (از شارحین اسماء باری) دیگر کوئی سخت مہم یا بیماری کے لیے ہو، خطرناک راستوں میں یا بوجہ تنہائی کسی مقام پر خوف ہو تو ایک ہزار مرتبہ پڑھنے سے مہم آسان، بیمار شفایاب ہو اور خوف وحراس دور ہو۔ (تنویر)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا صمدُ

اس اسم کا ذاکر اہل اللہ میں سے ہوتا ہے اس اسم کا پڑھنے والا بھوکا نہیں رہتا۔ یا بھوک پیاس کی شدّت سے محفوظ رہتا ہے۔ اکثر عاملین وکاملین نے یا احد یا صمد کو اسم اعظم بتایا ہے۔ شیخ مغرب رحمتہ اللہ الیہ فرماتے ہیں اسم یا صمد کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو رزق میں وسعت اور کاروبار میں خیر وبرکت ہو۔ (تنویر) کتاب مفتاح الجنان میں مذکور ہے کہ اگر شب جمعہ بعد نصف شب میں باوظو ایک ہزار مرتبہ حضورِ قلب پڑھے تو قاری میں عظیم اثرات پیدا ہو جائیں۔ اگر کوئی فسق وفجور میں مبتلا ہو تو اس کے لیے تین روزے رکھے۔ اور ہر روز ساعت مشتری میں ایک ہزار مرتبہ یہ اسم پڑھے اور اس کے لیے دعا کرے وہ شخص فسق وفجور سے تائب ہو۔ محبت کے لیے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر پہلے طالب

Scanned by CamScanner

پیئے۔پھر وہ پانی مطلوب کو پلادے،محبت میں بے چین ہو۔(تنویر)

یا قادر یا قدیر یا مقتدر

یہ اسماء ہر بڑے سے بڑے اروا ہم سے اہم اور مشکل سے مشکل امور میں مشکل کشائی فرماتے ہیں ۔جب اپنے اور بیگانے،دوست واحباب سب الگ ہو جائیں اور کوئی حامی و مددگار تو کیا بات کا پوچھنے والا بھی نہ ہو تو ایسے نفسی نفسی کے موقع پر ان اسماء سے کسی اسم کا بھی ذکر اس کی کشتی حیات کو ساحلِ مراد پر لگانے کے لیے کافی ہے۔خصوصاً نجومی جس وقت دحشت انگیز خبریں دے کر انسانوں کو مبتلائے دحشت کر دیں ان کے خود ساختہ دعووں کو جھٹلانے اور ستاروں کے اثراتِ بد سے محفوظ رہنے کے لیے ان اسماء سے کسی اسم کا ذکر بہتر ہے۔(شرح اسمائے باری)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا مقدم

اس اسم کی برکت سے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے طور پر کلام کیا۔امام علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ بوقتِ خواب اس اسم کو کو پڑھے دشمنوں کے حملے،چوری کے خوف،مکان کے گرنے،جہاز کے ڈوبنے کے خوف سے محفوظ رہے۔(تنویر)

یا موخّر

شیخ بونی علیہ الرحمتہ فرماتے ہیں کہ جب انسان کی عمر قریب اختتام پہنچے اور اعمالِ خیر کچھ بھی نہ ہوں ۔گناہوں کی کثرت ہوں۔

قبر وحشر کا خوف دامن گیر ہو) تو اس اسم کی مداومت کرے حق تعالیٰ گناہوں کو معاف فرمائے اور عمر کو

Scanned by CamScanner

دراز کرے تا کہ اعمال نیک کر سکے۔

(تنویر) اسی لیے عاملین اس اسم کو مایوس مریضوں کو کثرت سے پڑھنے کو بتاتے ہیں۔ مولیٰ تعالیٰ اپنی رحمت سے شفا دیتا ہے چاہئے کے بعد شفاء عبادت الٰہی سے غافل نہ ہو۔

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا اوّل

شیخ مغرب فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص طالب فرزند ہو یا دفینہ حاصل کرنا چاہتا ہو یا فتوحاتِ غیبی کا طالب ہو تو چاہئے کہ چالیس جمعہ بعد نماز جمعہ مداومت کرے مقصد حاصل ہو، شیخ بونی فرماتے ہیں کہ اس اسم کا ذاکر اپنے کل مقصد میں سابق رہے گا۔ اور اگر اسم کو یا آخر کے ساتھ ذکر کرے تو مقام کشف حاصل ہو۔ (تنویر)

یا آخر

شیخ بونی علیہ الرحمتہ نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس نام کی قرأت کرے اس کو قوّت و نصرت بے انداز حاصل ہو، اور جو بھی دشمنی کرے ہلاک ہو، مقابلہ کرے مغلوب ہو جو شخص اس اسم کے اور دشمن کے نام کے اعداد شامل کر کے نقش بنائے اور ہفتہ کی پہلی ساعت میں لوہے پر کندہ کرے اور اسی تعداد کے مطابق پڑھے اور اس نقش کو آگ میں داب دے دشمن ہلاک ہو۔ (تنویر)

یا ظاہر یا باطن

یہ دونوں اسمائے باری تعالیٰ اصلاح اور نورانیت کے لیے خاص ہیں۔ یہ اسماء ظاہر و باطن کی اصلاح فرما کر ذاکر میں روحانیت پیدا ہو جاتی ہے۔ کشفِ قبور اور استخارہ کے لیے عاملین میں مشہور ہیں۔ شیخ

Scanned by CamScanner

مغربی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بعد نماز چاشت پانچ سو مرتبہ پڑھے تو حق تعالیٰ دیدۂ دل کو ظاہر و باطن میں نورانی کر دے۔ خوابِ غفلت سے بیداری عنایت فرمائے اور تاریکی دل سے دفع ہو۔ (تنویر) جس کے دوستوں، ساتھیوں یا اہل معاملہ میں سے جو بھی ایسا ہو کہ دل میں کچھ زبان پر کچھ ایسے دوستوں سے کافی نقصان پہنچ جاتا ہے۔ لہٰذا ان اسماء کا ذکر کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے اس کے دوستوں کو بھی اصلاح فرما دیتا ہے اور اس اسم کے ذاکر کے دوست احباب یا غیر سب اسی طرح پیش آئیں جو ان کے دل میں ہو۔

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا والی

یہ اسم پاک دست کار محنتی حضرات کے لیے خاص ہے کہ اس اسم کی برکت سے کم وقت میں زیادہ کام انجام پاتا ہے اس اسم کا عامل اگر ٹھیکیدار ہو یا مزدور وہ کبھی خالی نہ رہے۔ اس کے کام کی قدر بہت ہو جو مزدوری مانگے ملے۔ مالکان اس سے کام کرانے کے لیے ہر قیمت پر تیار رہیں۔ اگر اس اسم کو برتن پر لکھ کر پانی سے دھو کر مکان یا دوکان کے گوشوں نیز بالا خانہ پر چھڑکیں تو۔ چوری، بجلی، آندھی، طوفان، بارش، سیلاب، زلزلہ، و جملہ آفات سے محفوظ رہے۔ (تنویر)

یا متعالی

اہل تحقیق نے فرمایا ہے کہ اس اسم کو بہ عجز و انکساری پڑھنا چاہئے اور خلق خدا میں خود کو حقیر سمجھے تا کہ حق تعالیٰ مرتبہ بلند فرمائے اور غیب سے ہر کام سرانجام فرمائے اگر کوئی عورت بعد فراغت حیض و نفاس میں اس اسم کی تلاوت کرے تو جملہ آفات سے محفوظ رہے۔ شیخ بونی علیہ الرحمتہ فرماتے ہیں کہ اس اسم کا ذکر کر کے کسی بادشاہ کے پاس جائے (وہ عزّت سے پیش آئے) جو حاجت ہو پوری کرے (تنویر)

Scanned by CamScanner

یا بَرُّ

حضرت امام علی رضا رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اگر نابالغ بچّہ کو یہ اسم (یاد کرادے) اور وہ اس کو پڑھتا رہے یہاں تک کے سن بلوغ کو پہنچے، تمام عمر آفات روزگار سے محفوظ رہے۔ شیخ مغرب فرماتے ہیں اس اسم کا ذاکر جس چیز کا طالب ہو حاصل ہو۔ شیخ ابوالعباس احمد ابن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں جو شخص اس اسم کا ذکر کرے نعمتہائے الٰہیہ کی فراوانی ہو۔ (تنویر)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا تَوّابُ

جس فرد پر بہ سبب گناہوں کے تکلیف و مصیبت یا زرق کی تنگی میں مبتلا ہو اس اسم کی برکت سے اس کے گناہ مغفور ہوں رحمت و کرم کی بارش ہو۔ ۴۰۹ بار روزانہ ورد میں رکھے اور بعد فراغت جو دعا کرے اس کی دعا قبول ہو۔ جو شیر خوار بچّہ بہت روتا ہو اس پر ۷۰ مرتبہ پڑھ کر دم کرے ہر مرض آفات و بلیات سے محفوظ رہے۔ (شرح اسماء)

یا مُنتقِم

برائے فتح و ظفر۔ خصوصاً جن لوگوں کے کاروبار، کارخانوں، دکانوں کو بوجہ حسد سفلی کے ذریعہ باندھ دیا جاتا ہے یا جو لوگ برے دوستوں یا نفس کے قریب میں آکر اپنی عزّت و دولت کو قمار بازی سٹّہ، ریس میں برباد کر چکے ہوں اور اپنی خوئی دولت و عزّت حاصل کرنا چاہتے ہوں تو سچّے دل سے تائب ہو کر یا توّاب یا منتقم کا ورد کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پھر وہی دن ہوں گے اور وہی راتیں۔ (شرح اسماء)

Scanned by CamScanner

یا رؤف

یہ اسم مبارک تسخیر و محبت اور دشمن کے پنجۂ ظلم سے رہائی کے لیے پڑھنا چاہئے۔ اس کے عامل کو ہر فرد انسیت و محبت سے دیکھے اگر اس کے عامل کے پاس ایک پیسہ نہ ہو اور وہ بڑے سے بڑے کاروبار کرنا چاہے تو لوگ اسے بخوشی قرض دیں اور تقاضہ نہ کریں کیونکہ اس کے عامل کے قرض دینے والے کو اللہ تعالیٰ بڑی برکت دیتا ہے۔ اگر کوئی بہ نیّت خیانت اس عمل کو کرے تو ذلیل و خوار ہو۔ ورنہ عظمت و وقار اس کے قدم چومے۔ (شرح اسماء)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا معطی یا منعم یا نافع یا حنّان یا منّان

یہ اسمائے الٰہیہ حصول دولت و غنا کے لیے مخصوص ہیں۔ برائے نفع تجارت وسعتِ رزق حلال میں امتیازی شان رکھتے ہیں۔ بڑے بڑے وظائف عملیات اور چلّہ کشی اور محنت شاقہ کے بعد جو چیز حاصل نہیں ہوتی وہ چند یوم میں ان اسماء الٰہیہ میں سے کسی بھی اسم مبارک کی برکت سے حاصل ہو جاتی ہے۔ اگر کسی کو روپیہ پیسہ دیتے وقت یا معطی کا ورد دل میں کرے تو اللہ تعالیٰ اس اسم کی برکت سے اس سے زیادہ عطا کرے۔ اگر خرید و فروخت کے وقت دل میں یا نافع کا ورد کرے تو اس تجارت میں نفع و برکت ہو۔ اگر دستکار اپنا کارخانہ یا دوکان کھولتے وقت یا منعم کا ورد کرے تو کام زیادہ اور اچھا اور جلد بکنے والا تیار ہو اور دوکان پر بکری زیادہ ہو۔

یا حنّان بعد نماز فجر اور یا منّان بعد نماز عشاء اعداد اسم کے مطابق پڑھا جائے خیر کثیر اور دولت برکت والی حاصل ہو۔ (ظفر جلیل)

Scanned by CamScanner

یا مانعُ

اہل تحقیق فرماتے ہیں جو شخص اس کا ورد کرے تو لازم ہے کہ کسی فرد کو اذیّت نہ پہنچائے تا کہ حق تعالیٰ ذاکر سے بلائے دنیا و آخرت کو دور فرمادے اگر کسی کی زوجہ نافرمان ہو بسترِ خواب پر اس اسم کو پڑھے موافقت پیدا ہو جائے شیخ مغرب فرماتے ہیں کہ یہ اسم خوفزدہ کے لیے بہت بہتر ہے۔ (تنویر)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا ضارُّ

اس اسم کا ذاکر ہر مرض اور ضرر سے محفوظ رہتا ہے۔ خواہ عزّت و مال اہل و عیال سے متعلق ہو۔ شیخ مغرب فرماتے ہیں اگر کوئی شخص طالب عزّت و جاہ و بزرگی ہو تو ہر شب اور امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شب جمعہ ۱۰۰ سو بار پڑھنے کو فرمایا ہے۔ (تنویر)

یا نور

اس اسم پاک کی برکت سے جسم و قلب منوّر ہو جاتا ہے۔ انوارِ الٰہیہ کا نزول ہوتا ہے۔ امام علی رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ۲۵۶ مرتبہ اس اسم کو روزانہ ورد میں رکھے تو قلب نورانی ہو اور آنکھیں نورِ الٰہی سے روشن ہو جائیں اس کے قاری سے ہر شخص عزّت و احترام سے پیش آئے۔ شیخ بونی رحمتہ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ جو اس کا ورد کرے نورِ ایمان سے اس کا دل منوّر ہو جائے۔ (تنویر)

یا ہادی

اس اسم کو عاملین ہر کارہ کہتے ہیں یعنی ہر کام اس اسم پاک کی برکت سے انجام پاتا ہے۔ شیر خوار بچّوں کا

Scanned by CamScanner

رونا، شیری و نافرمان بچّوں، کج خلق بدکردار مرد و عورتوں کے سدھارنے کے لیے خاص طور پر اس کے عمل کیے جاتے ہیں اور نقش دیے جاتے ہے۔ سیّدی مرشدی حضور مفتی اعظم ہند ہر غیر مسلم کو خواہ وہ کسی ضرورت و حاجت کو لے کر آیا ہو۔ دیگر نقوش کے ساتھ اعداد میں اس نقش کو ضرور دیتے ہیں۔

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا بدیعُ

اگر اس اسم کو بوقت دعا ۷۰ مرتبہ پڑھے تو دعا مستجاب ہو جس شخص سے اس کی کوئی محبوب شے چھین لی گئی ہو یا کوئی کسی امر مشکلہ میں سرگشتہ ہو یا کسی معاملے میں پریشان ہو یا کوئی والی و حاکم اپنے عہدے سے معزول کر دیا گیا ہو تو غسل کر کے جامۂ پاک پہنے اور رزق حلال سے صدقہ دے اور بعد تصدق دو رکعت نماز ادا کرے اور ۷۰ مرتبہ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا قَاضِیَ الْحَاجَات اور ایک ہزار مرتبہ یَا بَدِیْعُ پڑھے۔ انشاءاللہ مقصد میں کامیابی حاصل ہو۔ (تنویر)

یا باقی

اس اسم کی برکت تھی کہ حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ جب کہ پہلوانی کیا کرتے تھے کسی نے آپ کی پشت کو ختم نہیں کیا اور اسی کی برکت سے منصب ولایت سے سرفراز فرمائے گئے۔ شیخ بونی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ اس اسم کا ذاکر کبھی بیمار نہیں ہوتا۔ اگر بادشاہ ذکر کرے تو ملک پر زوال نہ آئے۔ شیخ مغرب فرماتے ہیں کہ اگر ہر شب ۱۰۰ مرتبہ اور شب جمعہ کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو مستجاب الدعوات ہو جائے۔

یا وارثُ

Scanned by CamScanner

اس اسم پاک کی برکت سے اس کا ذاکر اپنی قوم میں سردار و معظّم ہو، صاحبِ اولاد ہو، اموال برکت ہو ،روزی فراخ ہو۔ شیخ بونی علیہ الرحمتہ فرماتے ہیں کہ وسعت رزق کے لیے اس کی تلاوت مفید ہے۔ اور کوئی شخص اس اسم کے دریائے وسعت معانی میں غرق ہو کر یعنی صاحبِ حال ہو کر پڑھے تو قبیلہ کی سرداری حاصل ہو، اولاد میں کثرت اموال میں برکت ہو۔ (تنویر)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا رشیدُ

اس اسم کا عامل کسی قوم کا لیڈر یا رہنما ہو تو وہ قوم سرفراز ہو اس کے مشورے اور اس کے حکم کی تعمیل سے وہ قوم یا قبیلہ ترقی کی منازل پر گامزن ہو۔ علوِّ مرتبت عظمت شہرت کا چرچا ہو حضرت امام علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جو اس کا ورد کرے۔ اس کے تمام امور نہایت سہولت اور حسن و خوبی سے انجام پائیں اور شیخ احمد فرماتے ہیں کہ بعد نماز صبح و مغرب کھڑے ہو کر ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو مہمات میں بلا سعی کامیابی نصیب ہو۔ اگر نیّت استخارہ پڑھے تو ہر کام کا انجام اور نفع و ضرر کا حال عالمِ خواب یا حالات بیداری میں معلوم ہو۔

یا صُبور

اس اسم پاک کے ذکر سے سختیوں پر صبر حاصل ہوتا ہے اور اس اسم کا ذاکر کوئی سخت کام کرنے سے عاجز نہیں ہوتا۔ اگر کسی عظیم صدمے اولاد یا کسی عزیز و محبوب کے انتقال کی وجہ سے خلل دماغ، حافظہ کی خرابی وغیرہ امور لاحق ہو جائیں تو اس اسم کے نقش کو دھو کر پلائے (تنویر) اگر کسی رنج و غم اور درد و مشقت کے موقع پر، خوف و دہشت کے وقت یا دشمنان و حاسدان کی زبان اپنی بدگوئی سے بند کرنا ہو تو ایک ہزار تیس بار پڑھے۔ (ظفر جلیل)

Scanned by CamScanner

اس اسم پاک کی برکت سے اس کا ذاکر اپنی قوم میں سردار و معظّم ہو، صاحبِ اولاد ہو، اموال برکت ہو ،روزی فراخ ہو۔ شیخ بونی علیہ الرحمتہ فرماتے ہیں کہ وسعت رزق کے لیے اس کی تلاوت مفید ہے۔ اور کوئی شخص اس اسم کے دریائے وسعت معانی میں غرق ہو کر یعنی صاحبِ حال ہو کر پڑھے تو قبیلہ کی سرداری حاصل ہو، اولاد میں کثرت اموال میں برکت ہو۔ (تنویر)

www.sufiimranrazvee.blogspot.com

یا رشیدُ

اس اسم کا عامل کسی قوم کا لیڈر یا رہنما ہو تو وہ قوم سرفراز ہو اس کے مشورے اور اس کے حکم کی تعمیل سے وہ قوم یا قبیلہ ترقی کی منازل پر گامزن ہو۔ علوِّ مرتبت عظمت شہرت کا چرچا ہو حضرت امام علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جو اس کا ورد کرے۔ اس کے تمام امور نہایت سہولت اور حسن و خوبی سے انجام پائیں اور شیخ احمد فرماتے ہیں کہ بعد نماز صبح و مغرب کھڑے ہو کر ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو مہمات میں بلا سعی کامیابی نصیب ہو۔ اگر نیّت استخارہ پڑھے تو ہر کام کا انجام اور نفع و ضرر کا حال عالمِ خواب یا حالات بیداری میں معلوم ہو۔

یا صُبور

اس اسم پاک کے ذکر سے سختیوں پر صبر حاصل ہوتا ہے اور اس اسم کا ذاکر کوئی سخت کام کرنے سے عاجز نہیں ہوتا۔ اگر کسی عظیم صدمے اولاد یا کسی عزیز و محبوب کے انتقال کی وجہ سے خلل دماغ، حافظہ کی خرابی وغیرہ امور لاحق ہو جائیں تو اس اسم کے نقش کو دھو کر پلائے (تنویر) اگر کسی رنج و غم اور درد و مشقت کے موقع پر، خوف و دہشت کے وقت یا دشمنان و حاسدان کی زبان اپنی بدگوئی سے بند کرنا ہو تو ایک ہزار تیس بار پڑھے۔ (ظفر جلیل)

Scanned by CamScanner